## لیاری کے علاقے میں فائرنگ کے نتیجے میں دو معصوم طالبات کی ہلاکت پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت
## معصوم طالبات اسماء اور ثمرہ کے قاتلوں کو فی الفور گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے

کراچی۔۔24اپریل2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے لیاری کے علاقے میں دہشت گردوں کی فائرنگ سے دو معصوم طالبات اسماء اور ثمرہ کی ہلاکت کے واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے حکومت سندھ سے مطالبہ کیا ہے کہ معصوم بچیوں کے قاتلوں کو فی الفور گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے اور لیاری میں بڑھتی ہوئی دہشت گردیوں کے خاتمہ کیلئے مثبت اور ٹھوس اقدامات کئے جائیں تاکہ لیاری کے عوام کو تحفظ فراہم کیا جاسکے۔ رابطہ کمیٹی نے جاں بحق ہونے والی معصوم طالبات اسماء اور ثمرہ کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔

## حق پرست پینل نے عوامی شکایات کی بناء پر اورنگی ٹاؤن یوسی 5 کے ناظم
## اور دو کونسلروں سے استعفے لیکر انہیں ذمہ داریوں سے سبکدوش کر دیا

کراچی۔۔۔24،اپریل2008ء

حق پرست پینل نے مختلف عوامی شکایات کی بناء پر اورنگی ٹاؤن کی یوسی 5 کے حق پرست یوسی ناظم، اور دو کونسلروں سے استعفے لیکر انہیں ان کی ذمہ داریوں سے سبکدوش کر دیا ہے۔ سبکدوش کئے جانے والوں میں اورنگی ٹاؤن یوسی 5 کے یوسی ناظم سید خلیل احمد ولد امام الدین، اورنگی ٹاؤن یوسی 5 کی جنرل کونسلر محترمہ زارا السلام ولد محمد اسلام اور اورنگی ٹاؤن کے اقلیتی ٹاؤن کونسلر یونس الیاس ولد الیاس شامل ہیں۔ حق پرست پینل نے کہا کہ عوام کی خدمت ہی حق پرستوں کا شعار ہے اور عوامی مسائل سے غفلت اور لاپرواہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

## حق پرست رکن سندھ اسمبلی ہرگن داس کی خیرپور ناتھن شاہ سے اغواء ہونے والے
## تین ہندو نوجوانوں کے اہل خانہ سے ملاقات
## مغوی نوجوانوں کی بازیابی کا معاملہ سندھ اسمبلی میں اٹھایا جائے گا

لاڑکانہ۔۔۔24،اپریل2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن سندھ اسمبلی ہرگن داس نے گزشتہ روز خیرپور ناتھن شاہ سے اغواء ہونے والے 3 ہندو نوجوان انیل کمار، سنی کمار اور اشونی کمار کی پھوپھی ڈاکٹر گل دیالی اور ان کے دیگر اہل خانہ سے محلّہ دڑی لاڑکانہ میں ملاقات کی اور نوجوانوں کے اغواء کی واردات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی بازیابی کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے ہر ممکن مدد و تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ اس موقع پر ایم کیو ایم لاڑکانہ زون کے زونل انچارج آفتاب علی سومرو، جوائنٹ زونل انچارج عبید اللہ بلیدی اور رکن نعیم ابڑو بھی ان کے ہمراہ تھے۔ حق پرست رکن سندھ اسمبلی ہرگن داس نے مغوی نوجوانون کے عزیز و اقارب سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر وہ یہاں آئے ہیں اور ہندو نوجوانوں کے اغواء کی واردات پر ہمیں گہری تشویش ہے۔ انہوں نے مغوی نوجوانوں کے اہل خانہ کو یقین دہانی کرائی کہ اگر پولیس وانتظامیہ مغوی نوجوانون کو جلد بازیاب نہ کرا سکی تو اس اہم مسئلے کو سندھ اسمبلی میں بھی اٹھایا جائے گا۔

## مصطفیٰ کمال شہید اور ڈاکٹر نشاط ملک شہید کی چھٹی برسی ہفتہ کو ہوگی، نائن زیرو پر قرآن خوانی ہوگی

کراچی۔۔24اپریل2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین پارلیمنٹ سید مصطفیٰ کمال رضوی اور ڈاکٹر نشاط ملک شہید کی چھٹی برسی ہفتہ 26اپریل2008ء کو بعد نماز ظہر خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں عقیدت واحترام سے منائی جائے گی۔اس سلسلے میں ہفتہ کو نائن زیرو پر شہداء کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔واضح رہے کہ سید مصطفیٰ کمال رضوی اور ڈاکٹر نشاط ملک کو 26اپریل2002ء میں مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کر کے شہید کردیا تھا۔

## سرگودھا اور کراچی میں ٹریفک حادثات میں متعدد افراد کے جاں بحق ہونے پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔24اپریل2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سرگودھا اور کراچی سمیت ملک کے دیگر شہروں ٹریفک حادثات میں متعدد افراد کے جاں بحق وزخمی ہونے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ٹریفک حادثات میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔رابطہ کمیٹی نے ٹریفک حادثات میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔

## ایم کیو ایم بلاتفریق رنگ ونسل عوام کی خدمت اور ان کے مسائل کے حل کیلئے کام کررہی ہے،شعیب بخاری
## پرنٹنگ کارپوریشن آف پاکستان میں سی بی اے کے انتخاب میں حق پرست لیبر یونین نے بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کرلی
## نومنتخب سی بی اے کے عہدیداران کی نائن زیرو آمد،شعیب بخاری اور دیگر نے استقبال کیا

کراچی۔۔۔24/اپریل2008ء

پرنٹنگ کارپوریشن آف پاکستان میں سی بی اے کے انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ کی حمایت یافتہ لیبر یونین نے بھاری اکثریت سے کامیابی حاسل کرلی۔پرنٹنگ کارپوریشن آف پاکستان میں ہونیوالے سی بی اے کے الیکشن جمعرات 24اپریل کوادارے میں منعقد ہوئے جس میں ادارے کے ملازمین نے حصہ لیا اور اپنا حق رائے دیہی کا آزادانہ استعمال کیا۔پرنٹنگ کارپوریشن میں ایم کیوایم کی حمایت لیبر یونین نے مسلسل پانچویں مرتبہ سی بی اے ہونے کا اعزاز حاصل کرلیا۔بعدازاں پرنٹنگ کارپوریشن کی فتح حاصل کرنیوالی سی بی اے یونین کے نومنتخب عہدیداران اور دیگر ملازمین بڑے جلوس کی صورت میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد پہنچے،جہاں رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست رکن سندھ اسمبلی سید شعیب احمد بخاری اور ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے انچارج وسیم قریشی ولیبر ڈویژن کے دیگر ذمہ داران ان کا استقبال کیا اور فاتح سی بی اے یونین کے عہدیداران کو اپنی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد پیش کی۔اس موقع پر نومنتخب عہدیداران سے خطاب کرتے ہوئے سید شعیب بخاری نے کہا کہ ایم کیوایم انسانیت کی بےلوث خدمت پر یقین رکھتی ہے اور یہی قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات ہے۔انہوں نے کہا کہ سی بی اے عہدیداران قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریئے کی روشنی میں عوام کی خدمت کریں اور مخالفین سمیت تمام ملازمین کو ساتھ لیکر چلیں۔انہوں نے کہا کہ ادارے کے ملازمین نے مسلسل پانچویں مرتبہ آپ پر اعتماد کیا ہے اوراب آپ پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ آپ بلاتفریق رنگ ونسل ملازمین کے جائز مسائل اور مشکلات کے حل کیلئے کام کریں جس کا ایم کیوایم نے ہمیشہ اس کا عملی ثبوت دیا ہے۔آخر میں انہوں نے سی بی اے یونین کے تمام نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دی اور ان میں مٹھائی تقسیم کی۔اس موقع پر یونین کے عہدیداران ودیگر ملازمین نے جئے الطاف، جئے متحدہ، پرنٹنگ کارپوریشن کے چاروں طرف حق پرست حق پرست کے فلک شگاف نعرے بھی لگائے۔

☆☆☆☆☆